سوال

(55)سورۃ ممتحنہ کا خاصہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سورۃ ممتحنہ پڑھنے کا فائدہ کیا ہے؟ تحریر فرمادیں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوسری سورتوں کی طرح یہ بھی قرآن مجید کی ایک سورت ہے اور کلام الٰہی ہے۔ مگر اس کی کوئی خاص فضیلت باوجود تلاش کے نہیں ملی، علاوہ ازیں عام طور پر جو بعض سورتوں کی فضیلتیں کتب تفسیر میں ملتی ہیں ان میں سے اکثر ضعیف روایات پر مشتمل ہوتی ہیں۔ سوائے چند ایک سورتوں کے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص294